نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سیدہ عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت کمشنرآفس ساہیوال میں گندم کی ڈویژنل کاشت کا جائزہ لینے بارے اجلاس کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا 400ارب روپے کا کسان پیکج کاشتکاروں کی خوشحالی کا باعث بنے گا۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،22 نومبر 2024: صوبائی وزیرزراعت ولائیواسٹاک، سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت کمشنرآفس ساہیوال میں گندم کی کاشت کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے خصوصی شرکت کی، جبکہ کمشنرساہیوال شعیب اقبال سیداورڈپٹی کمشنرساہیوال صائمہ علی سمیت پاکپتن اوراوکاڑہ کے ڈپٹی کمشنرز آن لائن شریک ہوئے۔اس موقع پرڈائریکٹر جنرلز زراعت عبدالحمیداورنوید عصمت کاہلوں بھی موجود تھے۔

اجلاس کے دوران وزیرزراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کاشتکاروں کی فلاح و بہبوداورزرعی ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہیں۔ان کی خصوصی ہدایت پرگندم کے کاشتکاروں کے لئے ایک تاریخی انعامی پیکج متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت زیادہ رقبہ پرگندم کاشت کرنے والے کسانوں کواربوں روپے مالیت کے انعامات بذریعہ قرعہ اندازی دیے جائیں گے۔اس پیکج میں 1000 ٹریکٹرزاور1000 لیزرلینڈ لیولرز کی مفت فراہمی بھی شامل ہے۔ وزیرزراعت نے مزید کہا کہ صوبہ کے ہرضلع میں گندم کی کاشت کے ہدف کا حصول ہرممکن وسائل وذرائع سے ممکن بنایا جائے۔ساہیوال ڈویژن کے لیے9لاکھ 20 ہزارایکڑ کاہدف مقررکیا گیا ہے، جس میں سے 7لاکھ 30 ہزارایکڑ پرگندم کی کاشت کا کام پہلے ہی مکمل ہوچکا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا400ارب روپے کا کسان پیکج کاشتکاروں کی خوشحالی اورزرعی ترقی کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے چھوٹے کاشتکاروں کے لئے "کسان کارڈ" کا اجرا بھی کیا ہے، جس کے تحت رجسٹرڈ ڈیلرز سے بلاسود زرعی قرضہ اسکیم کے تحت کھاد، بیج اورزرعی ادویات مقررہ نرخوں پردستیاب ہوں گے۔اب تک کسان کارڈ کے ذریعے صوبہ بھرمیں 23ارب روپے سے زائد کی خریداری کی جاچکی ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب، افتخار علی سہو، نے اس موقع پرکہا کہ گندم کی کاشت کا ماہِ نومبرنہایت اہم ہے، اوراس سلسلے میں محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیمیں کاشتکاروں کی رہنمائی میں مزید تیزی لائیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی اورصوبائی سطح پرگندم کی پیداوار میں اضافے کے لیے مقابلے بھی منعقد کیے جائیں گے، جس میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے کسانوں کونقد انعامات سے نوازا جائے گا۔

اجلاس کے بعدوزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ساہیوال میں زیرِتعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ بھی کیا۔اس دورے میں سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو، کمشنرساہیوال شعیب اقبال سید، اورڈپٹی کمشنرصائمہ علی اورڈائریکٹر جنرلز زراعت عبدالحمیداورنوید عصمت کاہلوں سمیت دیگرافسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پروزیرزراعت نے تعمیراتی کام کی رفتاراورمعیارپراطمینان کا اظہارکیا اورکہا کہ صوبہ پنجاب میں اس وقت چار ماڈل ایگریکلچر مالززیرتعمیر ہیں جوزراعت کی ترقی اور کسانوں کی سہولت کے لیے اہم قدم ثابت ہوں گے۔

☆☆☆☆